هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ

Bank AL Habib

# بینک الحبیب لمیٹڈ

## اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بینک الحبیب لمیٹڈ کا اُنتیسواں سالانہ اجلاسِ عام بروز بدھ ۲۵ مارچ ۲۰۲۰ء صبح ۱۰:۳۰ بجے بینک کے رجسٹرڈ آفس واقع ۱۲۶۔سی، اولڈ بہاولپور روڈ، ملتان میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

۱۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۱۹ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈٹ شدہ سالانہ حسابات اور بینک کے یکجا کیے گئے حسابات مع چیئرمین، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی اور منظوری۔

۲۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق ۳۱ دسمبر ۲۰۱۹ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے بشرح ۳۵ فیصد یعنی ۱۰/- روپے مالیت کے شیئر پر ۳٫۵۰ روپے فی شیئر نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی پر غور وخوض اور منظوری۔

۳۔ سال ۲۰۲۰ء کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔ ای وائی فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس نے اہل ہونے کی بناء پر خود کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کیا ہے۔

۴۔ صدر اجلاس کی اجازت سے بینک کی کسی دیگر کارروائی پر غور وخوض۔

**خصوصی امور**

۵۔ حبیب ایسیٹ مینجمنٹ لمیٹڈ (**''ایچ اے ایم ایل''**) کے باقی ماندہ ۷۰ فیصد جاری کردہ اور ادا شدہ شیئر کیپٹل کے حصول (ہماری موجودہ ۳۰ فیصد شیئر ہولڈنگ کے علاوہ) اس کے موجودہ شیئر ہولڈرز سے ۷٫۲۵ روپے فی شیئر کے نرخ، مجموعی مالیتی ۵۲،۲۵۰،۰۰۰ روپے پر غور وخوض اور اس کی منظوری تاکہ بینک کا مکمل ملکیتی ذیلی ادارہ بنایا جاسکے اور ایچ اے ایم ایل میں ۴۵۰،۰۰۰،۰۰۰ روپے تک کی اضافی ایکویٹی کو شامل کرنا تاکہ ایچ اے ایم ایل سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے مقرر کردہ کم از کم سرمائے کی شرط پر پورا اُتر سکے اور ایچ اے ایم ایل کے کاروباری آپریشنز کو مزید سپورٹ حاصل ہو سکے۔

۶۔ بورڈ کے اجلاسوں اور اس کی سب کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کیلئے ''ڈائریکٹرز کے معاوضے کے تعین کی غرض سے پالیسی اور طریقہ کار'' پر غور وخوض اور منظوری۔

۷۔ ''ڈائریکٹرز کے معاوضے'' سے متعلق بینک کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل نمبر ۱۰۶ میں ترمیم پر غور وخوض اور منظوری۔

۸۔ بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کو دیئے جانے والے معاوضے پر غور وخوض اور اس کی منظوری۔

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی شق ۱۳۴ (۳) کے تحت مذکورہ سالانہ اجلاسِ عام میں انجام دیئے جانے والے درج بالا خصوصی امور سے متعلق آئٹم نمبر ۵، ۶، ۷ اور ۸ کے لئے ایک اسٹیٹمنٹ تمام شیئر ہولڈرز کو ارسال کیا جارہا ہے۔

حسب الحکم بورڈ

**محمد تقی لاکھانی**

کمپنی سیکریٹری

کراچی: ۴ مارچ ۲۰۲۰ء

**نوٹ:**

۱۔ بینک کی شیئر ٹرانسفر بک ۱۶ مارچ ۲۰۲۰ء تا ۲۵ مارچ ۲۰۲۰ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہے گی۔ وہ ٹرانسفرز جو ہمارے شیئر رجسٹرار کے دفتر سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، واقع سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ 74400 میں ۱۳ مارچ ۲۰۲۰ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہوجائیں گے وہ نقد منافع منقسمہ (ممبران کی منظوری سے مشروط) کی ادائیگی کے لئے بروقت تصور کیے جائیں گے۔ ممبران سے گزارش ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی سے ہمارے مذکورہ بالا شیئر رجسٹرار کو فی الفور آگاہ کریں۔

۲۔ ہر ممبر جسے اجلاسِ ہٰذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے وہ اپنی جگہ شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے ایک پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ پراکسی کیلئے (ماسوائے کارپوریشن کے) بینک کا ممبر ہونا لازمی ہے۔ موثر العمل ہونے کے لئے پراکسی فارم باقاعدہ اسٹیمپ شدہ اور دستخط شدہ اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل لازماً بینک کے رجسٹرڈ آفس واقع ۱۲۶۔سی، اولڈ بہاولپور روڈ، ملتان میں موصول ہوجائے۔

۳۔ سی ڈی سی کے اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرتے وقت اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سیز)/ پاسپورٹ مع پارٹیسپنٹس آئی ڈی نمبر اور اپنے اکاؤنٹ نمبرز ہمراہ لائیں تاکہ متعلقہ شیئر ہولڈرز کی شناخت میں سہولت رہے۔ پراکسی کو بھی اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت دکھانا ہوگا۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بحیثیت ممبر (رکن)، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظور شدہ قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمع نمونہ دستخط ہمراہ پراکسی فارم بینک میں جمع کرانے ہوں گے۔

۴۔ **نقد منافع منقسمہ کی بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار ادائیگی**

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کی دفعہ ۲۴۲ اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز ۲۰۱۷ کے تحت لسٹڈ کمپنی کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد منافع منقسمہ صرف بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار کے تحت شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کریں بجائے اس کے فزیکل ڈیویڈنڈ وارنٹس جاری کئے جائیں۔

نقد منافع منقسمہ کو براہِ راست نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کی غرض سے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ بینک کی ویب سائٹ کے لنک https://www.bankalhabib.com/downloads/E-Dividend-Bank-Mandate-Form.pdf پر دستیاب ''ای۔ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم'' پُر کریں اور اس پر دستخط کرنے کے بعد بینک کے متعلقہ پارٹیسپنٹس/سی ڈی سی کے انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا بینک کے شیئر رجسٹرار (فزیکل شیئر ہولڈنگ ہونے کی صورت میں) کو ۱۳ مارچ ۲۰۲۰ء سے پہلے اپنے کارآمد سی این آئی سی کی کاپی کے ساتھ ارسال کردیں۔ مذکورہ بالا فارم بینک کی سالانہ رپورٹ میں بھی دستیاب ہے۔

انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) کی عدم وصولی یا غلط نمبر موصول ہونے اور دیگر متعلقہ تفصیلات یا کارآمد سی این آئی سیز کی عدم دستیابی کی صورت میں بینک ایسے ممبران کا نقد منافع منقسمہ روک لے گا۔

۵۔ حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ ۲۰۱۹ء کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ء کی شق ۱۵۰ میں چند ترامیم کی ہیں جس کے ذریعے کمپنیز/بینکوں کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع منقسمہ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لئے مختلف ریٹس مقرر کیے گئے ہیں یہ ٹیکس ریٹس مندرجہ ذیل ہیں:

(اے) انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائلرز کیلئے — **۱۵ فیصد**

(بی) انکم ٹیکس ریٹرنز کے نان۔فائلرز کیلئے — **۳۰ فیصد**

بینک کو نقد منافع منقسمہ کی رقم پر ۳۰ فیصد کے بجائے ۱۵ فیصد ٹیکس کی کٹوتی کے سلسلے میں وہ تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) میں موجود نہیں ہیں، باوجود اس کے کہ وہ فائلرز ہیں انہیں ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کی تاریخ یعنی ۲۵ مارچ ۲۰۲۰ء سے پہلے اے ٹی ایل میں اپنے ناموں کی موجودگی کو یقینی بنائیں بصورتِ دیگر ان کے نقد منافع منقسمہ پر ٹیکس کی کٹوتی ۱۵ فیصد کے بجائے ۳۰ فیصد کی شرح سے کی جائے گی۔

ایف بی آر کے احکامات کے مطابق جوائنٹ اکاؤنٹس کے ضمن میں ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کی ''فائلر/ نان فائلر'' حیثیت سے ان کی شیئر ہولڈنگ کی شرح کے مطابق جداگانہ طور پر کیا جائے گا۔ وہ ممبران جن کے شیئرز جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے ساتھ ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے شیئرز کا تناسب بینک کے شیئر رجسٹرار کو مندرجہ ذیل فارمیٹ میں ارسال کریں۔

| بینک کا نام | فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر (ہولڈرز) | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | | |

درکار معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار کو ۱۳ مارچ ۲۰۲۰ء تک فراہم نہ کرنے کی صورت میں یہ تصور کیا جائے گا کہ شیئر مساوی شرح سے ہیں۔

کارپوریٹ ادارے کی صورت میں منافع منقسمہ کی آمدنی سے ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنٰی صرف اس صورت میں دیا جائے گا اگر ٹیکس سے استثنٰی کے سرٹیفکیٹ کی کارآمد کاپی ۱۳ مارچ ۲۰۲۰ء تک ہمارے شیئر رجسٹرار کو لازماً فراہم کردی جائے۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ہدایات اور سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (سی ڈی سی) کے سرکلر نمبر ۶ بابت ۲۰۱۸ کے مطابق شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ سی ڈی سی نے ای سروسز ویب پورٹل پر سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (سی سی ڈی آر) تیار کرلیا ہے جس میں نقد منافع منقسمہ کی تفصیلات جیسا کہ ادا شدہ یا غیر ادا شدہ، بینک کی جانب سے روکا گیا، نقد منافع منقسمہ کی مجموعی رقم، ٹیکس اور زکوٰۃ کی کٹوتی اور شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں جمع کرائی گئی مجموع رقم شامل ہیں۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ سی ڈی سی کے ای سروسز پورٹل لنک https://eservices.cdcaccess.com.pk سے مذکورہ بالا معلومات کے حصول کے لئے خود کو اس لنک پر رجسٹر کرائیں۔

۶۔ **آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات بذریعہ ای میل**

ایس ای سی پی نے بذریعہ اپنے نوٹیفکیشن SRO 787(I)/2014 مورخہ ۸ ستمبر ۲۰۱۴ء آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کو سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کے ہمراہ ممبران کو بذریعہ ای میل ارسال کرنے کی اجازت دی ہے۔ سالانہ رپورٹ ۲۰۱۹ء کی سافٹ کاپیاں بشمول آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس ممبران کو مذکورہ بالا مقاصد کیلئے ان کی جانب سے فراہم کردہ ای میل ایڈریسز پر ارسال کی جارہی ہیں۔ بینک کے دیگر ممبران جو سالانہ رپورٹ کی سافٹ کاپی وصول کرنے کے خواہشمند ہوں، ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے ای میل ایڈریسز بذریعہ رضامندی فارم ہمارے شیئر رجسٹرار کو ارسال کردیں۔ الیکٹرانک ٹرانسمیشن کے لئے رضامندی کا یہ فارم بینک کی ویب سائٹ لنک https://www.bankalhabib.com/reports سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات بمع رپورٹس کے مذکورہ ویب سائٹ لنک پر مہیا کئے جارہے ہیں۔

ممبران سے یہ درخواست بھی کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ ای میل ایڈریسز میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں ہمارے شیئر رجسٹرار کو مذکورہ بالا مقصد کیلئے آگاہ کریں۔

۷۔ **وڈیو لنک سہولت کیلئے رضامندی**

اس سالانہ اجلاسِ عام کے لئے درج ذیل شرائط کے تحت ممبران کراچی میں وڈیو لنک کی سہولت بھی حاصل کرسکتے ہیں۔

اگر بینک کو ایک جغرافیائی حدود میں مقیم کم از کم ۱۰ فیصد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے سلسلے میں اجلاس کی تاریخ سے کم از کم ۷ روز قبل رضامندی کا فارم موصول ہوا تو بینک اس شہر میں وڈیو لنک کا انتظام کرے گا اور ان کو اجلاسِ عام کی تاریخ سے قبل مقام کے بارے میں آگاہ کردیا جائے گا۔

اس سلسلے میں وہ ممبران جو کراچی میں وڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے شرکت کے خواہشمند ہوں وہ درج ذیل فارمیٹ کے مطابق باقاعدہ دستخط شدہ درخواست اجلاس کی تاریخ سے کم از کم ۷ دن قبل بینک کے رجسٹرڈ ایڈریس پر ارسال کردیں۔

میں/ہم ________ سکنہ ________ بحیثیت بینک الحبیب لمیٹڈ کے ایک ممبر حامل ________ عمومی شیئر/ (شیئرز)

بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر/سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ نمبر ________ بذریعہ ہٰذا کراچی میں وڈیو لنک کی سہولت کے لئے خواہشمند ہوں/ ہیں۔

________

ممبر کے دستخط